روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 21 جون 2010ء 8 رجب 1431 ہجری 21 احسان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 131

حضرت عمرؓ کی ہجرت

جب مسلمانوں کو مکہ سے ہجرت کی اجازت ہوئی تو حضرت عمرؓ نے بھی ہجرت کا ارادہ کیا اور ہجرت بھی بڑی شان سے کی۔ نبی کریم ﷺ سے اجازت لے کر چند ساتھیوں کے ہمراہ پہلے خانہ کعبہ پہنچے۔ طواف کر کے مشرکین کو مخاطب کر کے کہا ''آج جس نے بھی میرا مقابلہ کرنا ہے حرم مکہ سے باہر آ کر کرلے'' لیکن کسی کو اس کی ہمت نہ ہوئی۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود کہا کرتے تھے کہ ''حضرت عمرؓ کے قبول اسلام کے بعد ہم اپنے آپ کو طاقتور محسوس کرنے لگے تھے''۔

(اسد الغابہ جلد4 ص58 و مجمع الزوائد جلد9 ص63)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

وہ ابتلاء کہ جو شیر ببر کی طرح اور سخت تاریکی کی مانند نازل ہوتا ہے اس لئے نازل ہوتا ہے کہ تا اس برگزیدہ قوم کو قبولیت کے بلند مینار تک پہنچا دے۔ اور الٰہی معارف کے باریک دقیقے ان کو سکھا دے۔ یہی سنت اللہ ہے۔ جو قدیم سے خدائے تعالیٰ اپنے پیارے بندوں کے ساتھ استعمال کرتا چلا آیا ہے زبور میں حضرت داؤدؑ کی ابتلائی حالت میں عاجزانہ نعرے اس سنت کو ظاہر کرتے ہیں اور انجیل میں آزمائش کے وقت میں حضرت مسیحؑ کی غریبانہ تضرعات اسی عادت اللہ پر دال ہیں اور قرآن شریف اور احادیث نبویہ میں جناب فخر الرسلؐ کی عبودیت سے ملی ہوئی ابتہالات اسی قانون قدرت کی تصریح کرتے ہیں اگر یہ ابتلاء درمیان میں نہ ہوتا تو انبیاء اور اولیاء ان مدارج عالیہ کو ہرگز نہ پا سکتے کہ جو ابتلاء کی برکت سے انہوں نے پا لئے۔ ابتلاء نے ان کی کامل وفاداری اور مستقل ارادے اور جانفشانی کی عادت پر مہر لگا دی اور ثابت کر دکھایا کہ وہ آزمائش کے زلازل کے وقت کس اعلیٰ درجہ کا استقلال رکھتے ہیں اور کیسے سچے وفادار اور عاشق صادق ہیں کہ ان پر آندھیاں چلیں اور سخت سخت تاریکیاں آئیں اور بڑے بڑے زلزلے ان پر وارد ہوئے اور وہ ذلیل کئے گئے اور جھوٹوں اور مکاروں اور بے عزتوں میں شمار کئے گئے اور اکیلے اور تنہا چھوڑے گئے یہاں تک کہ ربانی مددوں نے بھی جن کا ان کو بڑا بھروسہ تھا کچھ مدت تک منہ چھپا لیا اور خدا تعالیٰ نے اپنی مربیانہ عادت کو بہ یکبارگی کچھ ایسا بدل دیا کہ جیسے کوئی سخت ناراض ہوتا ہے اور ایسا انہیں تنگی و تکلیف میں چھوڑ دیا کہ گویا وہ سخت مورد غضب ہیں۔ اور اپنے تئیں ایسا خشک سا دکھلایا کہ گویا وہ ان پر ذرا مہربان نہیں بلکہ ان کے دشمنوں پر مہربان ہے اور ان کے ابتلاؤں کا سلسلہ بہت طول کھینچ گیا۔ ایک کے ختم ہونے پر دوسرا اور دوسرے کے ختم ہونے پر تیسرا ابتلاء نازل ہوا۔ غرض جیسے بارش سخت تاریک رات میں نہایت شدت وسختی سے نازل ہوتی ہے ایسا ہی آزمائشوں کی بارشیں ان پر ہوئیں پر وہ اپنے پکے اور مضبوط ارادہ سے باز نہ آئے اور سست اور شکستہ دل نہ ہوئے بلکہ جتنا مصائب وشدائد کا بار ان پر پڑتا گیا اتنا ہی انہوں نے آگے قدم بڑھایا اور جس قدر وہ توڑے گئے اسی قدر وہ مضبوط ہوتے گئے۔ اور جس قدر انہیں مشکلات راہ کا خوف دلایا گیا اسی قدر ان کی ہمت بلند اور شجاعت ذاتی جوش میں آتی گئی۔ بالآخر وہ ان تمام امتحانات سے اول درجہ کے پاس یافتہ ہو کر نکلے اور اپنے کامل صدق کی برکت سے پورے طور پر کامیاب ہو گئے اور عزت اور حرمت کا تاج ان کے سر پر رکھا گیا اور تمام اعتراضات نادانوں کے ایسے حباب کی طرح معدوم ہو گئے کہ گویا وہ کچھ بھی نہیں تھے غرض انبیاء و اولیاء ابتلاء سے خالی نہیں ہوتے بلکہ سب سے بڑھ کر انہیں پر ابتلاء نازل ہوتے ہیں اور انہیں کی قوت ایمانی ان آزمائشوں کی برداشت بھی کرتی ہے عوام الناس جیسے خدا تعالیٰ کو شناخت نہیں کر سکتے ویسے اس کے خالص بندوں کی شناخت سے بھی قاصر ہیں بالخصوص ان محبوبانِ الٰہی کی آزمائش کے وقتوں میں تو عوام الناس بڑے بڑے دھوکوں میں پڑ جاتے ہیں گویا ڈوب ہی جاتے ہیں اور اتنا صبر نہیں کر سکتے کہ ان کے انجام سے منتظر رہیں۔ عوام کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ جل شانہ جس پودے کو اپنے ہاتھ سے لگاتا ہے اس کی شاخ تراشی اس غرض سے نہیں کرتا کہ اس کو نابود کر دیوے۔ بلکہ اس غرض سے کرتا ہے کہ تا وہ پودا پھول اور پھل زیادہ لاوے اور اس کے برگ اور بار میں برکت ہو۔ پس خلاصہ کلام یہ کہ انبیاء اور اولیاء کی تربیت باطنی اور تکمیل روحانی کے لئے ابتلاء کا ان پر وارد ہونا ضروریات سے ہے اور ابتلاء اس قوم کے لئے ایسا لازم حال ہے کہ گویا ان ربانی سپاہیوں کی ایک روحانی وردی ہے جس سے یہ شناخت کئے جاتے ہیں۔

(سبز اشتہار۔ روحانی خزائن جلد دوم صفحہ 458)

رات دن قرآن کریم کو پڑھو

مجلس شوریٰ 2009ء میں یہ طے پایا ہے کہ احباب جماعت کا علمی معیار بلند کرنے کے لئے قرآن مجید ناظرہ پڑھنا۔ ترجمہ سے پڑھنا اور باقاعدہ تلاوت قرآن کریم کرنا بہت ضروری ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

''صرف قرآن کریم ہی وہ کتاب ہے جس کے مطالب کبھی ختم نہیں ہوتے۔ رات دن قرآن کریم کو پڑھو۔ قرآن کے حقائق کبھی ختم نہ ہوں گے۔ اس کی حکمتیں نکلتی چلی آتی ہیں اور ہر لفظ پُر حکمت معلوم ہوتا ہے۔ پرانے زمانہ کی کہانیوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک تھیلی ہوتی تھی جس میں سے ہر قسم کے کھانے نکلتے آتے تھے۔ مگر یہ تو وہمی اور خیالی بات تھی۔ قرآن کریم واقع میں ایسا خزانہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتا۔''

(فضائل القران (4)۔ انوار العلوم جلد12 صفحہ 423)

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء)

داخلہ جامعہ احمدیہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث خطبہ جمعہ فرمودہ 17 جولائی 1970ء میں فرماتے ہیں۔

''بعض لوگ...... چاہتے ہیں کہ آپ اسے جامعہ احمدیہ میں داخل کر لیں...... میرے نزدیک جو اوسط درجہ کا طالب علم آتا ہے یہ بھی درست نہیں۔ دین کیلئے ٹاپ کا، نہایت اعلیٰ درجہ کا ذہن وقف ہونا چاہئے۔ یعنی ایسا ذہن کہ اس سے بہتر اور ذہن نہ ہو...... پس ایک تو دین کیلئے ہمیں اچھے ذہن چاہئیں۔ دوسرے معاشرہ کے لحاظ سے جامعہ احمدیہ میں ایک سمویا ہوا گروہ ہونا چاہئے یعنی غریبوں کے بچے بھی ہوں، متوسط خاندانوں کے بچے بھی ہوں اور اچھے امیروں کے بچے بھی وہاں آئیں! اگر یہ نہیں ہوگا تو ان کی صحیح تربیت نہیں ہو سکے گی۔ صحیح تربیت کیلئے یہ ضروری ہے کہ غریب اور متوسط اور امیر گھرانوں کا بڑا اچھا تعلق ہو۔''

(خطبات ناصر جلد سوم صفحہ 232 تا 234)

(مرسلہ: وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

نیکیوں سے خالی شہر

عاطف علیم اپنے کالم آہٹ میں لکھتے ہیں۔

ہم نیکیوں سے خالی، بددعائے ہوئے اور بے اماں شہروں کے مکین ہیں اور اماں؟ اماں کیسی کہ موج خوں ابھی سر سے نہیں گزری۔ ابھی بازوئے قاتل میں تھکن کے آثار ہیں نہ مقتولین کی قلت ہے۔ بازو بھی بہت ہیں، سر بھی بہت۔ کاٹتے جاؤ، کشتوں کے پشتے لگاتے جاؤ کہ دوسروں کو ہم عقیدہ بنانے کا یہی چلن ہے۔ میرے لاہور پر جو گذری اس پر میری آنکھوں میں مگر مچھ کے آنسو ہیں اور کہیں دل کی گہرائیوں میں ایک ٹھنڈ ہے کہ دیر سے سہی دہشت گردوں کو آخران کا بھی خیال آ ہی گیا جو مدت سے نفرتوں کے سزا وار ٹھہرائے گئے ہیں۔ میں جتنا بھی رواداری کی دف بجاؤں، کشادہ ذہن بننے کا ڈھونگ رچاؤں، دنیا کے سامنے مذہبی اقلیتوں کے تحفظ کا دعوے دار بنوں، حقیقت میں میں ایسا ہی ہوں۔ میں مانوں نہ مانوں لیکن یہی میرا مائنڈ سیٹ ہے۔ اس سے بھی زیادہ یہ کہ 28 مئی کو ماڈل ٹاؤن اور گڑھی شاہو کے پُرامن عبادت گزاروں پر لہو میں غلطاں یوم تکفیر مسلط کرنے والے مائنڈ کے پیچھے چھپا ماسٹر مائنڈ بھی میں ہوں۔

اب چونکہ کسی ایک واقعے کو الگ سے دیکھنا میرا وطیرہ نہیں سو مجھے ذرا دیر کو پیچھے جانا پڑے گا۔ قیام پاکستان کے بعد نوزائیدہ مملکت کے نصیب میں جن گروہوں کی بالادستی لکھی گئی وہ ایک نئی ریاست کے خدوخال تشکیل دینے کے لئے ہرگز موزوں نہیں تھے۔ ان گروہوں کا مائنڈ سیٹ قبائلی روایات سے مل کر بنا تھا۔ انہیں صرف قدامت پرستی اور تنگ نظری راس تھی کہ ان کے گروہی مفادات کے تحفظ کا یہی نسخہ کیمیا تھا۔ قائداعظم کی آئین پرستی، قانون پسندی اور روشن خیالی ان بالادستوں کے راستے میں ایک بڑی رکاوٹ تھی۔ وہ نہ رہے تو تسلط پسند گروہوں کی بن آئی۔ طے پایا کہ نو آزاد ملک کو ایک نیم تھیوکریٹک، نیم جمہوری اور مکمل کاسہ لیس ریاست میں بدلا جائے کہ قدامت پسندی کے پنپنے کی یہی صورت تھی۔ یہ تو ابتدائی دنوں میں ہی طے پا گیا تھا کہ ریاست کو ہر شخص کے عقیدہ اور سوچ میں دخل دینے کا ازلی حق حاصل ہے۔ یہ بھی انہی دنوں طے پا گیا کہ بیرونی دنیا کے ساتھ ہمارے تعلقات کی نوعیت کیا ہوگی اور ہماری عمومی قومی سمت کس سمت پیا کے تابع ہوگی۔ رہے عوام تو ان خوئے غلامی کے ماروں کو سرکاری تسلط کی لاٹھی سے ہانکنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئی کیونکہ ملک میں کوئی ایسی قوت نہیں تھی جو ان کے راستے میں کسی طرح بھی مزاحم ہو سکے۔

انتشار اور تسلط کے ایک تدریجی عمل کے بعد 80ء کی دہائی کے نصف تک پاکستان کو ایک ایسی ریاست بنانے میں کامیابی حاصل کر لی گئی جس میں رواداری اور روشن خیالی نام کی کوئی چیز باقی نہ رہی۔ یہ تدریجی عمل جاگیرداری طرز فکر اور مذہبی گروہوں کا طاقت پکڑنے کا عمل تھا۔ اس تدریجی عمل کے مابعد ایک خاص مائنڈ سیٹ کا ریاست پر غلبہ اس قدر مکمل اور بھرپور ہو چکا ہے کہ حکومت کسی کی بھی ہو ریاست کی ''بنیادی تشکیلات'' کو آنے والے طویل عرصے تک کسی جانب سے کوئی خطرہ نہیں۔ یوں ہم ایک ایسی ریاست میں جی رہے ہیں جہاں کسی ''مختلف'' کے پنپنے کی کوئی صورت نہیں۔ ''تم میں سے ہر ایک کو وہی سوچ اپنانا ہوگی جو میری سوچ ہے۔ تمہارا زاویہ نظر وہی ہونا چاہئے جو میرا ہے۔ تمہارا عقیدہ وہی ہونا چاہئے جو میرا عقیدہ ہے''۔ اس انداز فکر کو دوام بخشنے کے لئے ہم **نے اپنی نرسریوں میں ذوق وشوق سے مذہبی منافرت، انتہا پسندی اور دہشت گردی کے کالے گلابوں کی فصل پروان چڑھائی اور شہر سے نیکی اور رواداری کو کان سے پکڑ کر باہر نکال دیا۔**

اب میرے ہونٹوں پر ایک پُرطمانیت آہ وبکا ہے اور میری آنکھوں میں مگر مچھ کے آنسو ہیں تو اس لئے کہ میں فطری طور پر منافق ہوں۔ میں دہشت گردوں پر نفرین بھیجتا ہوں لیکن واللہ میرا دل ان کے ساتھ ہے۔ میں گروہ قاتلاں کی مذمت کرتا ہوں لیکن بہ خدا میں نے دست قاتل کو چومنے میں کبھی کوتاہی نہیں کی۔ میں نے اپنے شہر کو نیکیوں سے خالی کر دیا اور یہاں نفرت اور برائی کو رواج دینے میں مددگار بن گیا کیونکہ میں ہرگز اپنے ملک کو اون نہیں کرتا۔ میں اون کرتا ہوں تو صرف اپنے پیٹ کو، اپنے مفادات کو اور اپنے ذاتی ٹھیکے کو۔ میری حب الوطنی مشروط اور میری عوامی وابستگیاں سراب ہیں۔ میں اپنے ہی خلاف ہونے والی ہر سازش میں ہمیشہ شریک رہا ہوں۔ میں نے خوئے غلامی کو مٹانے کے لئے کبھی کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ میں نے نفرت پھیلانے والوں کی زبانوں پر تالے لگانے کے لئے کبھی کوئی تحریک نہیں چلائی۔ میرے سامنے کیسے کیسے سانحے نہ بیتے مگر میں روتا رہا اور میرا ذوق تماشا نئے سانحوں کا انتظار کرتا رہا۔ **یہ میری ہی مجرمانہ اعانت کا شاخسانہ ہے کہ یہاں جن لوگوں کو اقلیت قرار دیا گیا، انہیں مساوی شہری حقوق سے محروم کر دیا گیا اور ان پر ہر طرح کی زیادتیاں اور جدال وقتال کے معرکے روا رکھے گئے۔**

میرا حافظہ کمزور نہیں، مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ دولتانہ کے پنجاب میں چلائی جانے والی تحریک کے پس پردہ مقاصد کیا تھے۔ مجھے 70ء کی دہائی میں اسی تحریک کا احیاء اور اسے منطقی انجام تک پہنچانا بھی یاد ہے۔ اس دوران ہونے والی لوٹ مار اور قتل وغارت میں میں بنفس نفیس شامل رہا۔ مجھے شانتی نگر بھی نہیں بھولا جب ایک قبضہ گروپ کی جلائی ہوئی چنگاریوں سے عیسائیوں کی ایک بھری پری بستی کو راکھ کر دیا گیا۔ سانحہ گوجرہ تو ابھی کل کی بات ہے جب نہایت گھٹیا اور ادنیٰ مفادات کی تکمیل کے لئے ہم نے اپنے رواداری کے بھرم کو گولیوں سے چھلنی کر دیا۔ آپ گنتے جائیں، میں گنواتا جاؤں، کب کب اور کہاں کہاں میں اور آپ شرپسندوں کے گروہ میں شامل نہیں تھے۔ ذرا اپنے ہاتھوں کو سونگھئے ان پر شاید ابھی تک اس پٹرول اور بارود کی بورمق بھر باقی ہو جو ہم نے اقلیتوں کو ان کی اوقات بتانے کے لئے استعمال کیا تھا۔ لیکن اب جو لاہور میں ہوا ہمارے اس مائنڈ سیٹ کا نکتہ عروج ہے جسے ہم نے 62 سال سے بڑی لگن کے ساتھ پروان چڑھایا ہے۔ **اس گروہ پر قیامت مسلط کی گئی جو کسی بھلے میں ہے نہ برے میں اور جسے ہم نے سماجی دھارے سے ہی نہیں سیاسی عمل سے بھی کاٹ پھینکا ہے۔**

یہ بھیانک دہشت گردی جو جانے کتنے سالوں، کتنے یگوں تک ہمارا تعاقب کرتی رہے گی نہایت باریک بین دماغوں کی طویل منصوبہ بندی کا شاخسانہ ہے۔ مان لیا کہ میں ان دہشت گردوں میں شامل نہیں تھا، جنہوں نے اندر گھس کر بے گناہ اور پُرامن انسانوں کا نہایت اطمینان کے ساتھ شکار کھیلا۔ لیکن اس بھیانکتا میں میرا کردار کچھ ایسا پوشیدہ بھی نہیں ہے۔ کیا میں نے ایسے حالات پیدا نہیں کئے جو سفاک قاتلوں کی توجہ ان کی جانب مبذول کراتے؟ کیا میں حالیہ دنوں میں ان لوگوں کے خلاف نفرت اگلنے والے جلسوں میں شامل نہیں رہا۔

مگر مچھ کے آنسو نہیں چلیں گے، ہرگز نہیں، کسی طور نہیں۔ مجھے کم از کم اب طے کرنا ہوگا کہ میں کہاں کھڑا ہوں؟ ان لوگوں کے ساتھ جو امن سے جینا چاہتے ہیں یا ان کے ساتھ جو کسی اپنے سے مختلف کو جینے کا حق دینے پر کسی طور آمادہ نہیں ہیں۔ اگر میں یہ دعویٰ کرتا ہوں کہ میں سفاک اور جاہل قاتلوں کا ساتھی نہیں تو پھر مجھے اپنے شہر کو نیکیوں سے خالی کرنے والے گروہوں سے ناطہ توڑنا ہوگا اور قائداعظم کی رواداری، روشن خیالی اور راست بازی کو اپناتے ہوئے امن اور سلامتی کی راہ پر قدم بڑھانا ہوگا۔

(روزنامہ ایکسپریس یکم جون 2010ء)

مکرم مبارک احمد طاہر صاحب سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ

بواجے بو (سیرالیون) میں فری میڈیکل کیمپ

سیرالیون کے دارالخلافہ فری ٹاؤن سے جانب مشرق 300 کلومیٹر دور سیرالیون کا تیسرا بڑا شہر کینیما (Kenema) ہے۔ جہاں مارچ 2009ء سے مجلس نصرت جہاں کے تحت ہمارا ہسپتال اللہ کے فضل سے کینیما شہر اور گردونواح کے دُکھی لوگوں کی خدمت کر رہا ہے۔ یہاں ایک مخلص جوڑا مکرم ڈاکٹر جاوید اکرم صاحب ابن مکرم چوہدری محمد اکرم اٹھوال صاحب آف سکرنڈ ضلع نواب شاہ اور ان کی نومبائع اہلیہ محترمہ لیڈی ڈاکٹر تنزیلہ جاوید صاحبہ خدمت پر مامور ہیں۔ گزشتہ دنوں اس ہسپتال کے تحت ایک فری میڈیکل کیمپ کا پروگرام بنایا گیا۔ کینیما شہر سے جنوب مشرق 33 میل کے فاصلے پر ہماری ایک پرانی جماعت بواجے بو ہے جہاں جماعت کا سیکنڈری سکول، پرائمری سکول، دو بیوت الذکر اور ایک ہسپتال ہے۔ ہسپتال خانہ جنگی سے پہلے کام کرتا تھا لیکن فی الحال بند ہے۔

مورخہ 23 مئی 2010ء کو مکرم منیر حسین صاحب مربی سلسلہ اور محترم ڈاکٹر جاوید اکرم صاحب اپنی ٹیم کے ساتھ 11 بجے بواجے بو پہنچے۔ محترم پرنسپل صاحب، لوکل مشنری اور صدر جماعت کے ساتھ پیراماؤنٹ چیف کے گھر گئے محترم ڈاکٹر صاحب نے پیراماؤنٹ چیف کا چیک اَپ کیا اور وفد کا تعارف کروایا۔ جس کے بعد کوٹ باری میں کیمپ لگایا گیا۔ دعا کے ساتھ اس کیمپ کا آغاز ہوا۔ یہ سلسلہ ظہر کی نماز تک جاری رہا۔ ظہر وعصر اور دوپہر کے کھانے کے بعد محترم ڈاکٹر صاحب نے دوبارہ مریضوں کو دیکھنا شروع کیا جو شام ساڑھے چھ بجے تک جاری رہا۔ بعض مریض تو کافی serious تھے۔ لیکن دوائی کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتر محسوس کرنے لگے۔ ایک دن کے اس میڈیکل کیمپ میں محترم ڈاکٹر صاحب نے 170 مریض دیکھے اور مفت ادویات دیں۔

اس کیمپ کو پیراماؤنٹ چیف، پولیس آفیسرز، کونسلرز، پرنسپلز نے بہت سراہا اور جماعت کی خدمات کا برملا اعتراف کیا کہ جماعت احمدیہ سیرالیون میں تعلیم اور صحت کے بارے میں بہت نمایاں خدمت کر رہی ہے۔

اس جگہ یہ ذکر ضروری ہے کہ اس میڈیکل کیمپ کا سارا خرچ محترم بشیر احمد اختر صاحب مرکزی نمائندہ برائے جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ سیرالیون 2010ء نے ادا کیا۔ محترم بشیر احمد اختر صاحب بواجے بو میں احمدیہ سیکنڈری سکول کے تقریباً ساڑھے سات سال پرنسپل رہ چکے ہیں۔ بعد ازاں یہاں سے آپ کا تبادلہ احمدیہ سیکنڈری سکول Bo کر دیا گیا تھا جہاں ان کے زمانہ میں سکول نے شہرت کی نئی بلندیوں کو چھوا اور تعلیمی میدان کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی خوب نام کمایا اس سکول نے 2010ء میں اپنی پچاس سالہ تقریبات کا انعقاد کیا اور مکرم بشیر احمد اختر صاحب نے اس موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے خصوصی طور پر شرکت کی اور پرانی یادوں کو تازہ کیا۔

اللہ تعالیٰ اس کیمپ کا انعقاد بہت مبارک فرمائے اور اس میں حصہ لینے والے اور اس کیلئے رقم مہیا کرنے والے محترم بشیر احمد اختر صاحب کو اپنے بے شمار فضلوں سے نوازے اور خدمت دین کرنے والوں میں ہمیشہ شامل رکھے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ
مطبع : ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ
قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

سوالات

چشمۂ معرفت و پیغام صلح

روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 281 تا آخر

صفحہ 282,281

☆نادان فلاسفر جنہوں نے بہت زور لگایا کہ زمین و آسمان کے اجرام واجسام کی پیدائش کو اپنے سائنس یعنی طبعی قواعد کے اندر داخل کرلیں۔ان کا کیا انجام ہوا؟

صفحہ 283 تا 286

☆جدید سائنس کی غلطی کی نشاندہی کریں؟

☆اس اعتراض کا جواب دیجئے کہ طلاق صرف خاوند کی مرضی پر رکھی ہے علمی اور عقلی جواب کے علاوہ منوشاستر کا کیا بیان ہے؟

☆اس اعتراض کا جواب دیجئے کہ قرآنی تعلیم سورج اور چاند کی ماہیت سے بے علم ہے؟

صفحہ 292

☆اس اعتراض کا جواب لکھیں کہ عورتیں صرف کھیتوں کی مانند شہوت رانی کا ذریعہ ہیں؟

صفحہ 294،293

☆اس اعتراض کا جواب دیں کہ شیطان کو کیوں بنایا اور اس کو سزا کیوں نہ ملی؟

صفحہ 296،295

☆ رسول اللہ ﷺ کی پاک زندگی پر اعتراض کا جواب دیجئے؟

صفحہ 299 تا 304

☆آنحضرت ﷺ کی پاکیزہ زندگی پاک فطرت اور روحانی برتری کا جو مضمون ہے اس کا خلاصہ لکھئے؟

صفحہ 305

☆حضرت رسول کریم ﷺ کے تعدد ازدواج میں کیا حکمتیں تھیں؟

☆اصلی غرض آسمانی کتاب کی کیا ہونی چاہئے؟

صفحہ 307،306

☆جو چیز یا جو شخص اپنی اصلی غرض پوری نہیں کرسکتا اس کے متعلق کیا سمجھا جائے گا؟

صفحہ 308،307

☆آسمانی کتاب کی جو اصل غرض ہے اس کو کون سی کتاب پوری کرتی ہے؟

☆خدا کی راہ میں کوشش کرنے کے لئے امید کا پایا جانا کیوں ضروری ہے؟

صفحہ 310

☆قرآن شریف اس امید کو کس طرح بڑھاتا ہے؟

صفحہ 311

☆دین میں معمولی مذاہب سے زیادہ کیا بات ہے؟ پہلے اس سوال کا اصولی جواب دیجئے پھر تفصیل میں جائیں

صفحہ 312

☆مذہب کی جو برکات دین پیش کرتا ہے کیا عیسائی عقائد سے یہ بات حاصل ہوسکتی ہے؟

صفحہ 313

☆کتاب حقیقۃ الوحی سے کس طرح ثابت ہوتا ہے کہ سچے خدا کی شناخت دین میں ہی ممکن ہے؟

صفحہ 314

☆خدا کی راہ میں زندگی وقف کرنے اور رسول حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی محبت کا آخری نتیجہ کیا ہوتا ہے؟

☆خدا کے کلام اور حدیث النفس کے کلام میں کیا فرق ہوتا ہے؟

صفحہ 315

☆خدا کے کلام کی نشانی کیا ہے؟

صفحہ 317،316

☆عام آدمیوں اور خدا کے مقبولوں کے خوابوں اور الہام میں کیا فرق ہوتا ہے؟

صفحہ 317 تا 319

☆روحانی معلّموں کی کیا نشانی ہے؟

صفحہ 320 تا 323

☆قرآن شریف بہت سی پیش گوئیوں سے بھرا پڑا ہے۔تفصیل لکھئے؟

صفحہ 323

☆قرآن شریف کے علاوہ احادیث صحیحہ اور اخبار اسلامیہ کی رو سے تواتر سے کیا ثبوت ملتا ہے؟

صفحہ 324

☆دیگر مذاہب پر اسلام کو کیا فضیلت اور خصوصیت حاصل ہے؟

صفحہ 324 تا 327

☆اس زمانہ میں اسلام کو کیا صدمات پہنچے ہیں؟

صفحہ 328

☆اللہ تعالیٰ نے اس گمراہی کا کیا علاج فرمایا ہے؟

☆کتاب حقیقۃ الوحی میں کیا مضمون ہے؟

☆حضرت مسیح موعود کی صداقت کے ثبوت کے لئے پیشگوئی قبولیت دعا اور بددعا کے واقعات اور دیگر شہادتیں کیا ہیں؟

صفحہ 329 حاشیہ

☆دارقطنی کی حدیث کا کیا مضمون ہے۔کس طرح پورا ہوا؟

صفحہ 330

☆مسیح موعود کے متعلق شیخ محی الدین ابن العربی کی پیش گوئی کس طرح پوری ہوئی؟

صفحہ 331 حاشیہ

☆شیخ محی الدین ابن عربی نے مسیح موعود کا صینی الاصل ہونا لکھا ہے جب کہ حدیث میں فارسی الاصل ہونا آیا ہے اس تناقض کا کیا حل ہے؟

صفحہ 333،332

☆حضور کی تصدیق کے لئے نشانات کی تفصیل لکھئے؟

صفحہ 336،335

☆حضور نے اپنے نشانات کی صداقت میں نمونہ کے طور پر کن دشمنوں کا ذکر کیا ہے؟

صفحہ 337 تا 339

☆حضرت مسیح موعود نے اپنے دوستوں کے متعلق جو چند نشان تحریر فرمائے ہیں ان کے نمونے لکھئے؟

صفحہ 340

☆اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعود کی کیوں تائید فرماتا رہا ہے؟

☆ظلی نبوت سے کیا مراد ہے؟

صفحہ 342،341

☆آریہ مذہب خود قانون قدرت کے مخالف عقائد رکھتا ہے؟

☆کارخانہ قدرت پر نظر ڈالی جائے تو جانداروں کی پیدائش کے بارے میں انسانی عقل ہر ایک قدم میں اپنے عجز کا اقرار کرتی ہے۔ثابت کریں؟

صفحہ 343

☆آریہ عقیدہ جو صفت تکلم پر ہے اس پر تبصرہ کیجئے؟

صفحہ 344

☆کیا خدا صرف آریہ ورت کا خدا ہے؟

☆آریہ مذہب خدا کے قانون قدرت کے بالکل مخالف ہے وضاحت کیجئے؟

☆حق کے طالبوں کے لئے ایک ضروری نصیحت اس عنوان کے ماتحت بنیادی مضمون کیا ہے؟

صفحہ 345

☆شروع مضمون میں دنیا کے دھوکہ کا ذکر ہے وہ کون سا دھوکہ ہے؟

☆مدراس کے رہنے والے دوست کی حضرت مسیح موعود نے کیا رہنمائی فرمائی؟

صفحہ 347،346

☆عبادالرحمان کی قرآن شریف نے کیا علامات لکھی ہیں؟

☆خدا اپنے خاص بندوں کو بیگانہ آدمیوں کی نظر سے محجوب کرنے کے لئے کیا طریق اختیار فرماتا ہے؟

☆یہ عجیب کفر کس کے حصہ میں آیا؟

☆حضور نے آیت فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ سے کیا مضبوط استنباط فرمایا ہے؟

صفحہ 348

☆تعلقات کے مختلف مراتب کے لحاظ سے اور صفات الٰہیہ کے ظہور کی کمی بیشی کے لحاظ سے کیا ہوتا ہے اس مضمون کی وضاحت کریں؟

صفحہ 349

☆نماز میں رسول اللہ ﷺ کیا کہتے تھے اور اس سے کیا مراد ہے؟

☆مدارج قُرب رکھنے والا کب ہلاک ہوتا ہے؟

خاتمہ کتاب

صفحہ 350

☆اس کتاب کو کس بزرگ کی گواہی پر ختم کیا گیا ہے اور کیوں؟

صفحہ 351

☆ملتان سے بابا نانک کے اسلام کی کیا دلیل ملتی ہے؟

☆گروہرسہائے ضلع فیروز پور سے بابا نانک کے اسلام پر کیا دلیل ملتی ہے؟

صفحہ 352

☆فیروز پور گزیٹیئر مطبوعہ 1889ء سے کیا معلومات دی گئی ہیں؟

صفحہ 354،353

☆ہماری جماعت کے معزز ارکان جنہوں نے اس قرآن شریف کی زیارت کی ان کے نام لکھیں؟

☆ڈیرہ بابا نانک سے بابا نانک کے اسلام کی کیا دلیل ملتی ہے تفصیل سے لکھیں؟

صفحہ 355

☆بابا نانک کے اسلام پر متعدد دلائل خلاصۃً تحریر کریں؟

صفحہ 356 تا 368

☆گرنتھ صاحب کے شلوک سے بابا نانک کے اسلام پر کیا روشنی پڑتی ہے بطور نمونہ ایک شلوک مع تشریح لکھئے؟

صفحہ 370،369

☆قابل توجہ ناظرین کے عنوان کے ماتحت کیا مضمون بیان کیا گیا ہے؟

صفحہ 372،371

☆وید کے ماننے والے پرانے فرقے کیا عقائد رکھتے ہیں اور کیا عمل کرتے ہیں؟

صفحہ 372

☆اسلام کی تعلیم کے متعلق ویدوں سے تعلق میں دو باتیں کون سی بیان ہیں؟

صفحہ 373

☆اللہ کا شکر کرتے ہوئے اس کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟

☆گورنمنٹ کی کس بات پر اس کا شکریہ کیا گیا ہے؟

☆آریوں کی مجلس کی طرف سے جواب کے لئے کیا سوال پیش کیا گیا ہے؟

صفحہ 375،374

☆لوگ الہامی کتاب کے متعلق موٹے طور پر چار قسم کی رائیں رکھتے ہیں چاروں کی وضاحت کیجئے؟

☆الہامی کتاب کے بارے میں ہمارا کیا مذہب ہے؟

صفحہ 377،376

☆وہ آیات قرآنی تحریر کریں جن سے یہ استنباط ہوتا ہے کہ الہامی کتاب کی کیا نشانیاں ہیں؟

صفحہ 378،377

☆سورۃ البقرۃ کی آیت مع تشریح درج کریں؟

صفحہ 379،378

☆قرآن شریف نے اس بارہ میں کیا سچا اور مستحکم

عقیدہ سکھایا ہے جس کی انسانی فطرت شہادت دیتی ہے؟

☆اس اصول کے مطابق آیت ظَھَرَ الْفَسَادُ سے کیا استنباط ہوتا ہے؟

☆آنجناب ﷺ کے ظہور کے وقت وید کا اصل مذہب کیا معلوم ہوتا ہے؟

صفحہ 380

☆ہمارے بزرگ نبی ﷺ کے ظہور کے وقت عیسائی مذہب کا کیا حال تھا؟

☆ہمارے سید و مولیٰ ﷺ کے معجزات کی کیا کیفیت ہے؟

☆آنحضرت ﷺ کن دو معنوں میں خاتم الانبیاء ہیں؟

صفحہ 381

☆جس نبی ﷺ کا ہم نے دامن پکڑا ہے اس پر بڑا ہی فضل ہے اس فضل کی تفصیل لکھئے؟

صفحہ 381، 382

☆اس عظیم الشان نبی ﷺ نے ہمیں دوسری قوموں کے انبیاء کے بارہ میں کیا سکھایا ہے؟

صفحہ 382، 383

☆اس صفحہ پر ایک حدیث ہے مع تشریح درج کریں۔

☆حضور نے آیت کریمہ مِنْھُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَیْکَ سے کیا استنباط فرمایا ہے؟

☆اس تعلیم کا کیا فائدہ ہے؟

صفحہ 384، 385

☆اس تعلیم کے نتیجہ میں ہندوؤں سے کیا اپیل کی گئی ہے؟

صفحہ 386، 387

☆تمام انبیاء کی عزت واجب ہے، اس اصول کی کیا برکات ہیں؟

صفحہ 387

☆عیسائی مذہب کی عفو کی تعلیم کیوں ناقص ہے؟

صفحہ 388، 389

☆اسلامی تعلیم کے عالمگیر ہونے اور ساری دنیا کے لئے بابرکت ہونے کی آیات کی روشنی میں وضاحت کریں؟

صفحہ 390 تا 395

☆جہاد پر اعتراض کا جواب واقعات اور آیات کی روشنی میں لکھیں؟

صفحہ 395 تا 397

☆مسیح موعود کے آنے پر جنگوں کے بارہ میں کیا ہدایت ہے؟

صفحہ 397، 398

☆طور سے کیا مراد ہے؟

صفحہ 399، 400

☆خدا کے کلام کو عقل پر کیا ترجیح ہے؟

☆مشاہدہ عالم سے کس حد تک ہستی باری تعالیٰ کا استنباط ہوتا ہے؟

صفحہ 400

☆الہامی کتاب میں کسی طاقت کا پایا جانا کیوں ضروری ہے؟

صفحہ 401

☆کیا کتاب پرانی ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ خدا کی کتاب ہے؟

☆خدا کی کتاب ہونے کی ڈگری کس کتاب کے حق میں ہوگی؟

صفحہ 402، 403

☆قرآن شریف کی امتیازی خوبی بیان کیجئے؟

صفحہ 404

☆بلاؤں کے ٹلنے کے لئے کیا ضروری ہے؟

صفحہ 405، 406

☆خدا کا ایک عظیم الشان نشان بیان کیجئے؟

صفحہ 407، 408

☆قادیان کے آریوں نے جو نشان مشاہدہ کئے ان میں سے وہ نشان لکھئے جس کا تعلق لالہ شرمپت سے ہے؟

صفحہ 408

☆وہ نشان لکھئے جس کا تعلق لالہ ملاوامل سے ہے؟

صفحہ 409 تا 410

☆قرآن شریف کی زبردست طاقتوں میں سے ایک طاقت کا ذکر ہے تفصیل سے بیان کیجئے؟

صفحہ 411

☆قرآن شریف کے تین معجزات جو اس صفحہ میں درج ہیں بیان کیجئے؟

صفحہ 412

☆انگریزی مہینہ کی اخیر تاریخ میں ایک نشانِ آسمانی ظاہر ہوگا۔ یہ الہام کس طرح پورا ہوا؟

صفحہ 413

☆عفو و درگزر سے متعلق انجیلی اور قرآن کی تعلیم کا موازنہ پیش کریں؟

صفحہ 414، 415

☆انجیل کے مسئلہ نجات پر نوٹ لکھیں۔

صفحہ 416

☆نجات کے متعلق قرآن شریف کیا تعلیم پیش کرتا ہے؟

صفحہ 418

☆حضور نے شفاعت کی کیا فلاسفی بیان فرمائی ہے؟

صفحہ 421

☆انسان گناہ سے کس طرح بچ سکتا ہے، مثالوں سے واضح کریں؟

صفحہ 423، 424

☆اس سوال کا جواب دیں کہ انسان جس چیز کو موذی سمجھتا ہے اس کے نزدیک نہیں جاتا مگر انسان کے لئے یہ مرتبہ کیونکر حاصل ہو کہ خدا پر اور اس کی سزا پر اس کو یقین ہو جائے اور وہ خدا کی نافرمانی اور گناہ کے ارتکاب سے ڈرنے لگ جائے۔

صفحہ 425

☆ایمان لانے والوں کے تین درجے کون سے ہیں۔

صفحہ 430

☆آیت کریمہ لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ کی تشریح تحریر کریں؟

صفحہ 432

☆ہندو عقیدہ کا رد تحریر کریں کہ روح اور ذرات خدا کی مخلوق نہیں۔

صفحہ 432، 433

☆اس اعتقاد کا جواب دیں کہ خدا نیست سے ہست نہیں کر سکتا؟ اس ضمن میں حضور نے ایک واقعہ بھی تحریر فرمایا ہے وہ بھی لکھیں؟

صفحہ 434

☆ہندو فرقہ ناستک مت ہستی باری تعالیٰ کے متعلق کیا عقیدہ پیش کرتے ہیں؟

صفحہ 435، 436

☆اس اعتراض کا جواب دیں کہ (نعوذ باللہ) شیطان کے وجود سے خدا تعالیٰ نے لوگوں کو گمراہ کرنا چاہا؟ نیز انسان میں پائی جانے والی دو قوتیں کون سی ہیں؟

پیغام صلح

صفحہ 439

☆مسلمان اور ہندو کن باتوں میں مشترک ہیں؟

صفحہ 440

☆اخلاق ربانی سے کیا مراد ہے اور یہ ہمیں کیا سبق دیتے ہیں؟

☆خدا کے اخلاق کی عزت نہ کر کے کسی قوم کا کیا انجام ہوتا ہے؟

☆آیت کریمہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کی تشریح تحریر کریں۔

صفحہ 440، 441

☆اس خیال کا رد کریں کہ یہودیوں اور عیسائیوں کے عقیدہ کے مطابق تمام نبی اور رسول صرف یہود کے خاندان سے ہی آئے ہیں؟

صفحہ 443

☆اس رسالہ پیغام صلح کی وجہ تالیف تحریر کریں؟

صفحہ 444

☆اگر دنیا اپنی بدعملی سے باز نہیں آئے گی تو اس کا کیا انجام مقدر ہے؟

صفحہ 445

☆سری کرشن کا کیا دعویٰ تھا اور ہندو ان کو کیا تسلیم کرتے ہیں؟

صفحہ 445، 446

☆بابا نانک صاحب کا کیا دعویٰ تھا۔ ان کی کتاب کے حوالہ کی روشنی میں تحریر کریں۔

صفحہ 445، 446

☆دلائل سے ثابت کریں کہ بابا نانک صاحب مسلمان عقائد رکھتے تھے؟

صفحہ 447

☆آریوں کے اس عقیدہ کا رد کریں کہ خدا کا کلام اور الہام ویدوں پر ختم ہو چکا ہے؟

صفحہ 448، 449

☆ہندوؤں کے اس عقیدہ کا رد کریں کہ پرمیشر صرف آریہ ورت کا ہی خدا ہے؟

صفحہ 450

☆حضرت مسیح موعود نے ہندوؤں کی کتاب وید کے متعلق کیا نظریہ تحریر فرمایا ہے؟

صفحہ 452، 453

☆حضور نے حضرت نبی کریم ﷺ کی صداقت کے لئے آریوں کو کس طریق فیصلہ کی طرف بلایا؟

صفحہ 455

☆ہندو صاحبوں میں سچی صلح کرانے والے ایک اصول کا ذکر کیا ہے وہ اصول کیا ہے؟

صفحہ 459

☆حضور نے ہمارے مذہب کا خلاصہ کیا بیان فرمایا ہے؟

صفحہ 459

☆آیت کریمہ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْھُمْ (ال عمران:75) کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھیں۔

صفحہ 460

☆آیت کریمہ بمعہ ترجمہ تحریر کریں جس میں مشرکوں کے بتوں کو بھی گالی نہ دینے کا ذکر آیا ہے؟

صفحہ 461، 462

☆نبی اور شریعت کے نزول کی ضرورت کس وقت پیش آتی ہے۔

صفحہ 463

☆اس سوال کا مفصل جواب تحریر کریں کہ نبی ﷺ نے دنیا میں آکر کیا اصلاح کی؟

صفحہ 464

☆اس الزام کا جواب دیں کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا؟

صفحہ 466

☆خدا تعالیٰ نے حضرت رسول کریم ﷺ کو دشمنوں کے قتل کے منصوبے سے کس طرح محفوظ رکھا۔

صفحہ 469

☆حضرت مسیح موعود نے دین کی کیا تعلیم بیان فرمائی ہے؟

صفحہ 470

☆حضرت عیسیٰؑ نے کیا اخلاقی تعلیم پیش کی؟ اس ضمن میں توریت و انجیلی تعلیم کا موازنہ تحریر کریں۔

صفحہ 473

☆آیت کریمہ تحریر کریں جس میں دوسری امتوں کے نیکوں کی بھی تعریف ہے۔

صفحہ 480

☆حضور نے پانچ نمازوں کے اوقات میں قانون قدرت کے کون سے پانچ مصائب کا ذکر فرمایا ہے؟

صفحہ 480، 481

☆مولوی کمال الدین صاحب نے بدھ مذہب کی ایک کتاب سے چند اعتراضات پیش کئے ہیں جو ان دنوں حضور کے زیر مطالعہ تھی اور حضور ان کے رد کا ارادہ رکھتے تھے وہ تحریر کریں؟

☆آیت کریمہ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰہِ (التوبہ:112) کا ترجمہ و تشریح کریں۔

صفحہ 484

☆حضور نے عدل و احسان کے ضمن میں تین فرقوں کا نظریہ تحریر فرمایا ہے وہ تحریر کریں؟

صفحہ 484، 485

☆حضور نے اس کتاب کے آخر میں دین کو ایک چراغ سے تشبیہ دی ہے اس میں کیا حکمت ہے؟

☆کتاب پیغام صلح کے آخر میں حضور نے دین کی خصوصیات کے متعلق کیا گواہی دی ہے؟ چند خصوصیات بھی درج کریں۔

مکرم وقاص احمد وڑائچ صاحب

حضرت میاں اللہ بخش صاحب رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت میاں اللہ بخش صاحب کا شمار ان خوش قسمت رفقاء حضرت مسیح موعود میں ہوتا ہے۔ جنہیں احمدیت ورثہ میں ملی۔ آپ ایک نہایت اعلیٰ درجے کی شخصیت اور دین کو دنیا پر فوقیت دینے والے انسان تھے۔ آپ کے والد صاحب حضرت میاں غلام رسول صاحب کو اپنے خاندان میں سب سے پہلے حضرت مسیح موعود کے دست مبارک پر بیعت کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ آپ نیک سیرت اور حضرت مسیح موعود کے مخلص جاں نثار تھے۔ آپ نے 75 برس کی عمر میں وفات پائی اور بہشتی مقبرہ قادیان میں مدفون ہیں۔

حضرت میاں غلام رسول صاحب کے ہاں حضرت میاں اللہ بخش صاحب کی ولادت 1893ء میں گوجرانوالہ میں ہوئی۔ یہاں پر آپ نے ابتدائی تعلیم حاصل کی اور پھر میٹرک پاس کرنے کے بعد محکمہ ڈاک میں ملازمت اختیار کرلی۔ ملازمت کا بیشتر حصہ مری میں گزارا اور اگست 1947ء میں جی پی او مری کے پوسٹ ماسٹر کے عہدے سے ریٹائر ہوکر راولپنڈی میں مستقل سکونت اختیار کرلی۔

حضرت میاں اللہ بخش صاحب کو کئی مرتبہ قادیان جانے اور حضرت مسیح موعود کی زیارت کرنے اور آپ کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہونے کا موقع ملا۔ 1908ء میں حضرت اقدس نے جو آخری خطاب فرمایا اس مجلس میں حضرت میاں اللہ بخش صاحب بھی موجود تھے۔ جس کا ذکر انہوں نے اپنی خودنوشت تحریر میں کیا ہے جو خلافت لائبریری ربوہ میں رجسٹر روایات جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 10 پر محفوظ ہے۔ آپ اپنی خودنوشت میں تحریر فرماتے ہیں۔

1908ء میں جبکہ حضرت مسیح موعود لاہور میں تشریف لائے تھے اور رؤسا شہر لاہور کو دعوت دی تھی اور حضور نے احمدیہ بلڈنگز میں تمام معززین کے سامنے ایک تقریر کی تھی۔ اس وقت میں بھی اور میرے والد صاحب بھی اس تقریر میں شامل ہوئے تھے اور خواجہ صاحب مرحوم نے ہمیں اندر آنے کی اجازت دی تھی کیونکہ عام اجازت نہ تھی۔ جس وقت تقریر کے لئے حضور اندر تشریف لائے گلی میں کمرہ کے دروازے کے قریب بہت لوگ جمع تھے۔ جنہوں نے حضور سے مصافحہ کیا اور حضور کا پاک چہرہ دیکھا۔ حضور کے ساتھ ہم بھی اندر کمرے میں گئے تقریر کے شروع میں حضور کی آواز بہت دھیمی تھی مگر بعد میں اونچی ہوگئی۔ غالباً اس روز پچھلے وقت بعد نماز ظہر یا عصر حضور خواجہ صاحب کی بیٹھک میں تشریف لائے یہ بیٹھک برلب سڑک ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول بیٹھک میں مراقبوں کو دیکھ رہے تھے اور فرش پر بیٹھے تھے پاس ہی ایک کرسی رکھی تھی حضور وہاں آکر تشریف فرما ہوئے اور خاموشی سے بیٹھ گئے۔ احباب کثرت سے بیٹھے تھے اور پھر حضور نے تقریر شروع کردی۔ خاکسار اللہ بخش

حضرت میاں اللہ بخش صاحب انتہائی مخلص، تقویٰ شعار پابند صوم وصلوٰۃ اور احمدیت کی چلتی پھرتی تصویر تھے۔ نماز تہجد اور اشراق باقاعدگی سے ادا کرتے۔ آپ کو ملازمت کے دوران اور پھر ریٹائرمنٹ کے بعد بھی مختلف حیثیتوں میں جماعتی خدمات کی توفیق ملی۔ آپ نے شدھی کی تحریک کے دوران حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے ملازمت سے رخصت لے کر ایک طویل عرصہ تک شدھی سے متاثرہ علاقوں میں خدمات سرانجام دینے کی سعادت ملی۔ دعوت الی اللہ کا جنون کی حد تک شوق تھا جب بھی موقع ملتا دعوت الی اللہ کا فریضہ سرانجام دینے سے ہرگز نہ گھبراتے۔ چنانچہ 1947ء میں آپ کے متعلق اخبار ''زمیندار'' نے یہ خبر شائع کی کہ پوسٹ ماسٹر مری سارا دن دعوت الی اللہ کرتا پھرتا ہے کیا گورنمنٹ اس کو تنخواہ دیتی ہے۔ ان کی ملازمت میں ہرگز توسیع نہ کی جائے۔

حضرت میاں اللہ بخش صاحب کو 1947ء سے 1950ء تک جماعت احمدیہ راولپنڈی میں بطور نائب امیر بھی کام کرنے کا موقع ملا اور 1950ء سے 1953ء تک امیر کی حیثیت سے خدمات بجالانے کی توفیق ملی۔ اس دوران آپ نے کچھ عرصہ بطور امیر ضلع بھی کام کیا۔ اس کے علاوہ 1947ء سے 1951ء تک اور پھر 1954ء کے بعد ایک طویل عرصہ تک آپ بطور امین جماعت احمدیہ راولپنڈی بھی خدمات بجالائے۔ 1953ء کے پُرآشوب حالات کے دوران آپ جماعت احمدیہ راولپنڈی کے امیر تھے۔ آپ کے گھر پر مخالفوں کے ایک بڑے ہجوم نے حملہ بھی کیا اور دروازے توڑ کر اندر آگئے اور پھر گھر کے سامان کو آگ لگادی آپ نے صبر واستقلال کا مظاہرہ کیا۔

آپ عموماً گرمیوں میں اپنے بیٹے مکرم میاں حنیف صاحب کے گھر چلے جاتے۔ جو ایبٹ آباد میں تھے۔ جب 1974ء کے دردناک حالات میں آپ ایبٹ آباد تھے کہ ایک بڑے جلوس نے مکرم میاں صاحب کے گھر پر حملہ کردیا۔ ان نازک حالات میں آپ اللہ کے حضور سجدہ ریز ہوگئے اور پھر خدا کی قدرت نے رنگ دکھلایا کہ ایک کیپٹن کی قیادت میں فوج کے چند جوان آگئے اور انہوں نے جلوس کو منتشر کیا۔ یہاں پر یہ امر قابل ذکر ہے کہ بلوائیوں نے ایبٹ آباد ہی میں فخرالدین بھٹی صاحب کے گھر پر بھی حملہ کیا اور ان کو راہ مولا میں قربان کردیا۔ حضرت میاں اللہ بخش صاحب 1981ء میں کولہے کی ہڈی پر چوٹ لگنے کے باعث علیل ہوگئے اور ایک عرصہ بستر پر گزارا۔ آپ اس دوران تمام نمازیں باقاعدگی سے ادا کرتے اور جب صحت اجازت دیتی تو آریہ محلّہ ندیم کالونی میں واقع اپنے گھر سے دو تین فرلانگ فاصلہ پیدل چل کر بیت الحمد میں نماز کے لئے تشریف لاتے رہے۔ آپ نے 18 جولائی 1982ء کو 89 سال کی عمر میں وفات پائی۔ 1/9 حصہ کے موصی تھے۔ آپ کا جنازہ ربوہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے پڑھایا اور پھر بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات کو بلند کرتے ہوئے اعلیٰ علیّین میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

ر۔ داؤد

میری پیاری بہن مکرمہ نصرت جہاں صاحبہ کا ذکر خیر

میری پیاری بہن نصرت جہاں صاحبہ 1969ء کو ضلع فیصل آباد میں پیدا ہوئیں اور مورخہ 9 جون 2009ء کو چالیس سال کی عمر میں دو پہر سوا ایک بجے ہم سب کو سوگوار چھوڑ کر اللہ کو پیاری ہوگئیں۔

1989ء میں آپ کی شادی مکرم حامد حسین صاحب آف محمد آباد سندھ کے ساتھ ہوئی۔ آپ سلسلہ کی فدائی، مہمان نواز، دکھی انسانیت کی ہمدرد اور ملنسار سخاوت کرنے والی اور نماز، روزے کی پابند تھیں۔ ہنس مکھ، طبیعت میں شگفتگی اور چہرے پر مسکراہٹ پائی جاتی تھی اور کبھی کسی کی دل شکنی نہیں کرتی تھیں۔ اپنی اولاد کے لئے تو ہر والدہ محبت رکھتی ہے، یہ ایک فطری جذبہ ہے۔ لیکن میری بہن مرحومہ کی ہمدردی اپنی اولاد تک محدود نہ تھی، وہ ایک ایسا وجود تھیں جس میں بہترین ماں، وفا شعار بیوی، ساس سسر کی ہمدرد، ماں باپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور بہترین ہمسایہ کی تمام خوبیاں ان میں موجود تھیں۔

آپ اپنے ماں باپ کے لئے تو آنکھوں کی ٹھنڈک تھیں ہی اس کے ساتھ ساتھ ہم سب بہن بھائیوں کے لئے ایک شفیق وجود بھی تھیں۔ اس کا پیار اور احسانات میں یہاں لفظوں میں بیان نہیں کرسکتی۔ ہر کوئی یہی سمجھتا تھا کہ شاید میرے ساتھ ہی اس کو سب سے زیادہ پیار ہے۔ ماں باپ بہن بھائیوں کی ذرا سی تکلیف برداشت نہیں کرسکتی تھیں اور بھرپور کوشش کرتی تھیں کہ میں ان کی تکلیف کو کسی طرح دور کرسکوں۔ عزیز واقارب کے ساتھ بھی بہت پیار تھا۔ ہر کسی کے دکھ کو اپنا دکھ سمجھتی تھیں۔ ماں باپ کی سب سے زیادہ لاڈلی اور خدمت کرنے والی بیٹی تھیں۔ اکثر مجھے کہا کرتی تھیں کہ راشدہ میرا بڑا دل کرتا ہے کہ میں اپنے ماں باپ کی خدمت کرسکوں لیکن میں کیا کروں میں بہت دور ہوں۔ دعا کرو اللہ تعالیٰ مجھے ربوہ لے آئے تو میرے بچوں کی تربیت بھی اچھی ہو جائے اور میں اپنے ماں باپ کی خدمت کرسکوں۔

میرے ابا جان کہتے تھے کہ میری بیٹی لاکھوں میں ایک ہے۔ پردے کی اتنی پابند تھیں کہ ابا جان کہتے ہیں جس دن میں نے اپنی بیٹی کی شادی کی تو گاؤں والے کہتے تھے کہ اسلم صاحب آپ کی کوئی بیٹی جوان تھی ہمیں تو آج پتہ چلا ہے۔

میری بہن کو 2007ء میں کینسر جیسی مہلک بیماری نے آ پکڑا۔ ہمت کی یہ دیوی نہایت حوصلے، بہادری اور صبر کی مثال قائم کرتی رہی۔ ہر تکلیف اور بڑی سے بڑی آزمائش کو برداشت کیا، جب آغا خان کراچی ہسپتال میں آپریشن ہونا تھا تو کہتی تھیں کہ اے خدا آج اس کمرے میں جتنے بھی آپریشن ہونے ہیں ان میں میں اکیلی احمدی ہوں اور میرے پاس کوئی عمل نہیں مجھے اس کے بدلے میں آپریشن کے بعد صحت دینا اور وہی ہوا کراچی ہسپتال میں چھ گھنٹے کا طویل آپریشن ہوا اور 25 بوتلیں خون لگایا گیا جو کراچی کے احباب نے دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو اجر عظیم دے۔ (آمین) میری بہن اس آپریشن کے بعد صحت یاب ہوگئیں اور بڑی خوش تھیں۔ اس کے بعد ہم سے ملنے ربوہ اور پھر گاؤں امی ابو کے پاس آئیں۔

اپنے ایک بیٹے کو جامعہ احمدیہ اور دوسرے کو معلمین کلاس میں بڑے شوق سے بھیجا۔ بچوں کی جدائی تو بہت تھی لیکن بڑی خوش تھیں کہ دیکھو ہمارے خاندان میں سے خدا نے ہمیں توفیق دی کہ میرے بیٹے جامعہ گئے۔ اتنی شدید بیمار ہونے کے باوجود بیٹوں کو جامعہ سے نہ بلوایا۔ جبکہ ہسپتال میں ان کو شدید ضرورت تھی۔ مجھے کہتی تھیں کہ دیکھو راشدہ میرے بیٹوں کو نہ بتانا کہ میں اتنی بیمار ہوں وہ پیپر دے رہے ہیں۔ ان کے پیپروں کا حرج ہوگا۔ یہی وجہ تھی کہ ان کے چھوٹے بیٹے عزیزم یاسر حسین کو خداتعالیٰ نے اپنی ماں کی خدمت کرنے کی توفیق دی اور وہ آپریشن کے بعد اپنی امی کو پٹیاں تک خود لگاتا تھا، ان کو دباتا۔ ہر وقت ان کے پاس رہتا۔ پچھلے سال جب میں ان کا پتہ کرنے سندھ گئی تو خود ہی اٹھ کر اپنی وصیت کے کاغذات اکٹھے کر رہی تھیں۔ میری بہن کی بیماری کے دوران تعاون اور خدمت کرنے والے تمام احباب کو اللہ تعالیٰ اجر عظیم دے اور ان کو ہر بیماری سے محفوظ رکھے۔ آمین

خداتعالیٰ میری بہن نصرت جہاں کو جنت الفردوس میں اپنے خاص قرب میں جگہ دے اور لواحقین کا حافظ و ناصر ہو اور انہیں صبر جمیل عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اولاد کو احمدیت کی صحیح رنگ میں خدمت کرنے کی اور احمدیت پر ہر حالت میں ثابت قدم رہنے کی توفیق دے۔ بوجہ موصیہ ہونے کے آخری آرام گاہ بہشتی مقبرہ میں پائی۔

احمدیوں کی عبادت گاہوں پر حملوں کے محرکات

جناب روشن لعل اپنے کالم لعل و گہر میں لکھتے ہیں:

اس وقت دنیا میں مختلف مذاہب اور فرقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں اپنی آزاد خواہش کے تحت کسی عقیدے یا نظریے کو اپنانے والوں کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے۔ ان کے علاوہ باقی لوگ جس خاندان میں پیدا ہوئے اسی کا مذہبی عقیدہ انہیں ورثے کے طور پر ملا۔ پاکستان میں بسنے والے احمدیوں کے عقائد کی عمر دیگر عقائد کے مقابلے میں شاید سب سے کم ہے۔ آغاز میں اس عقیدے کو ماننے والوں میں آزاد رائے کے تحت اس کا انتخاب کرنے والے لوگوں کی تعداد زیادہ تھی لیکن سوا صدی کے قریب عرصہ گزر جانے کے بعد دوسرے عقائد کی طرح احمدیت کو ماننے والوں میں بھی ان کا عقیدہ نسل در نسل منتقل ہو رہا ہے۔

کسی فرد نے کوئی عقیدہ یا نظریہ اپنی آزاد خواہش کے طور پر اپنایا ہو یا خاندانی روایت کے مطابق اس سے وابستہ ہوا ہو، پاکستان کا آئین اسے مکمل حق دیتا ہے کہ وہ آزادی کے ساتھ اپنے عقیدے پر کاربند رہے۔ اس سے قطع نظر کہ احمدیوں کی اکثریت دوسرے عقائد کے ماننے والوں کی اکثریت کی طرح صرف اس وجہ سے احمدی ہے کہ وہ احمدیوں کے گھروں میں پیدا ہوئے اور اس کے باوجود کہ پاکستان کا آئین انہیں ان کے مذہبی عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کی مکمل آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ 28 مئی کی دوپہر کو لاہور میں ان کی عبادت گاہوں میں انہیں بہیمانہ طریقے سے محض اس لئے قتل کر دیا گیا کیونکہ وہ احمدی ہیں۔

اس بات سے قطع نظر کہ احمدی خود کو کیا سمجھتے ہیں، آئین پاکستان میں ان کا شمار اقلیتوں میں کیا جاتا ہے۔ لاہور میں ان کی عبادت گاہوں میں قتل عام گو ایک غیر معمولی واقعہ ہے تاہم یہ بات طے ہے کہ معمول کے حالات میں بھی انہیں کم ازکم وہ مذہبی آزادی میسر نہیں جو کسی دوسری اقلیت کو یہاں حاصل ہے۔ ایک زاویے سے انہیں بین الاقوامی انسانی حقوق قانون کی روشنی میں اقلیت کہنا بھی ایک پیچیدہ معاملہ ہے۔ ملک کے اکثریتی گروہ نے پیوستہ سیاسی اور معاشی مفادات کے لئے انہیں زبردستی اقلیت بنا رکھا ہے۔ انہوں نے کبھی اپنی وسیع تر مسلم شناخت سے انکار نہیں کیا۔ احمدی نہ مظلوم اقلیت ہیں نہ اکثریت، وہ جبر کے بہیمانہ استعمال کا استعارہ ہیں۔

اس قسم کے حالات میں انتہائی محتاط رہ کر اپنی زندگی گزارنا احمدیوں نے مجبوراً اپنا رکھا ہے۔ وہ ملک کی سیاست، معیشت اور دہشت گردی کے خلاف جنگ سمیت دوسرے تمام اہم امور پر اپنی رائے کے اظہار سے حد درجہ گریزاں دکھائی دیتے ہیں۔ ایسے محتاط رویے کے باوجود وہ ملک میں جاری دہشت گردی سے خود کو محفوظ نہیں رکھ سکے۔

